SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

November 23, 2018.

**PRESS RELEASE**

**اسلامی کیپیٹل مارکیٹ کے فروغ کے لئے ایس ای سی پی اور یونیورسٹیوں میں مفاہمتی یاداشت پر دستخط**

اسلام آباد (نومبر 23) سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے ملک کی تین مایہ ناز تعلیمی درس گاہوں، لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائینسز (لمز)، انسٹی ٹیوٹ آف بزنس ایڈمینسٹریشن، کراچی (آئی بی اے) اور انسٹی ٹیوٹ آف مینجمنٹ سائینسز پشاور میں قائم اسلامک فنانس کے امتیازی مراکز کے ساتھ ملک میں اسلامک کیپیٹل مارکیٹ کو فروغ دینے کے لئے مشترکہ کوششیں کرنے کے لئے مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے۔

گزشتہ چند سالوں میں سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن نے ملک میں اسلامی فنانس کے شعبے میں بہتری کے لئے کئی اقدامات کئے جس کے نتیجے میں اسلامی فنانس کو کافی فروغ ملا۔ ایس ای سی پی اسلامی فنانس کے شعبے میں بہترین عالمی معیارات قائم کرنے اور اس شعبے کو مزید مستحکم بنانے کے لئے مسلسل اقدامات کر رہا ہے۔ ایس ای سی پی نے اسی ماہ شریعہ کمپلائنٹ کمپنیوں اور سکیورٹیز بروکروں کے لئے شریعہ گورننس ریگولیشنز 2018 جاری کئے ہیں جن کا مقصد اسلامی مالیاتی اداروں میں گورننس کے نظام کو بہتر بنانا اور ان اداروں میں بین الاقوامی اسلامک فنانشل سروسز بورڈ کے معیارات کا نفاذ ہے جنہیں بتدریج نافذ کیا جا رہا ہے۔

ملک میں دستیاب اسلامی مالیاتی سہولتوں کے بارے میں آگہی پیدا کرنے کے لئے اسی ای سی پی یونیورسٹیوں اور دیگر پیشہ ورانہ اداروں کے ساتھ مل کر اقدامات اٹھائے ہیں۔ انہی کاوشوں کو آگے بڑھاتے ہوئے ای سی پی نے ملک کی قابل فخر یونیورسٹیوں میں قائم اسلامک فنانس کے امتیازی مراکز کے ساتھ ملک میں اسلامک کیپیٹل مارکیٹ کو فروغ دینے کے لئے مشترکہ کوششیں کرنے کے لئے مفاہمتی یاداشت پر دستخط کئے۔ اس معاہدے کے تحت تینوں تعلیمی ادارے ایس ای سی پی کے ساتھ مل کر اسلامی مالیاتی شعبے کے فروغ، اس سلسلے یں عوام میں آگہی پیدا کرنے، اسٹاک ہولڈرز کی تربیت اور اسلامی مالیاتی اداروں کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لئے کام کریں گے۔

مفاہمت کی اس یاداشت میں اسلامی مالیات کی بارے تعلیم و تربیت کی فراہمی، وسائل کے تبادلے میں تعاون، متعلقہ معلومات کی فراہمی اور اسلامی مالیات کی تعلیم و تربیت کے لئے ضروری مواد اور تکنیکی مہارت مہیا کرنے سمیت متعدد دیگر شعبوں کا احاطہ کرتی ہے۔ مزید برآں مفاہمتی یاداشت کی رو سے ایس ای سی پی اور درج بالا تینوں ادارے اسلامی کیپٹل مارکیٹوں میں مشترکہ تحقیق، تحقیقی کاوشوں کی اشاعت و فروغ نیز ترجیحی شعبوں کی ترقی کے لئے مل کر کام کریں گے۔ اسلامی مالیات اور اسلامی کیپٹل مارکیٹوں کے بارے میں آگہی کے لئے مختلف تربیتی اور معلوماتی پروگراموں کے گاہے بگاہے انعقاد پر بھی اتفاق کیا گیا ہے۔